**Pre- Board Examination (2019-20)**

| | |
|---|---|
| **GRADE: X CBSE** | **TOTAL MARKS: 80** |

**SUBJECT: Urdu (Course B)**

| | |
|---|---|
| **DATE: 08 /01 /2020** | **TIME: 3 hours** |

---

# ( حصّہ- الف )

**1- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیئے –** **(1x5=5)**

بہت پہلے انٹرمیڈیٹ کورس پورا کرتے ہی میں (اے- پی – جے – عبدالکلام ) انجنئیرنگ میں داخلہ لے لینا چاہتا تھا – میں نے خود کو سمجھایا کہ کبھی نہ ہونے سے اچھا ہے دیر ہی میں سہی مگر ہو تو جائے – میں اپنا راستہ بد لتےہوئے( ایم – ای – ٹی ) مدراس میں ، جو اس زمانے میں شمالی ہند میں تکنیکی تعلیم کے تاج کا سہرا کہلاتا تھا، داخلہ کے لئے درخواست گزاری – میرا نام منتخب امیدواروں کی فہرست میں شامل تھا – مگر اس اعلی درجے کے شہرت رکھنے والے ادارے میں داخلہ بہت مہنگا سودا تھا – تقریباً ایک ہزار روپئے کی ضرورت تھی اور میرے والدین اتنی بڑی رقم فراہم نہیں کر سکتے تھے – ایسے آڑے وقت میں میری بہن زہرہ نے اپنی سونے کی چوڑیاں اور زنجیر گروی رکھ کر میری پشت پناہی کی – مجھے اس کے اس ارادے نے بہت متاثر کیا کہ وہ مجھے ایک تعلیم یافتہ انسان دیکھنا چاہتی تھی –اور میری صلاحیتوں پر اس کے اعتماد سے مجھ پر مزید اثر ہوا-

(i) یہ عبارت کس کی آپ بیتی سے لی گئ ہے ؟

(a) زہرہ کی

(b) اے – پی - جے عبدالکلام کی

(c) والدین کی

( d) ایم ای ٹی مدراس کی

(ii) تکنیکی تعلیم کا تاج کس کالج کو کہا جاتا تھا ؟

(a) شمالی ہند کو

(b) تاج کو

(c) انٹرنیٹ کو

(d) ایم- ای - ٹی مدراس کی

(iii) داخلے کے لیے -------- کی رقم کی ضرورت تھی ؟

(iv) زہرہ نے اپنے بھائ کی کس طرح مدد کی ؟

(v) زہرہ اپنے بھائ کو کس طرح دیکھنا چاہتی تھی ؟

2 - درج ذیل اشعار کو پڑھیئے اور ان سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیئے- (1x5=5)

مرے اللہ جینے کا ہنر دے　　مجھے تو سوز دل سوز جگر دے

محبت سے تیری معمور وہ ہو　　مجھے گرچہ حیات مختصر دے

دعائیں ہوں مری مقبول ساری　　زباں میں تو ایسا اثر دے

مقدس زکر میں تیرے جو گزارے　　مجھے وہ روز و شب شام و سحر دے

(i) جینے کا ہنر شاعر کس سے مانگ رہا ہے ؟

(a) بتوں سے

(b) اللہ سے

(c) بندوں سے

(d) رسول سے

(ii) حیات مختصر بھی ہو تو کس سے معمور ہونی چاہیئے؟

(a) اللہ کی محبت سے

(b) معمور کی محبت سے

(c) حیات سے

(d) مختصر سے

(iii) دعائیں ------ ہوں مری ساری -

(iv) شاعر کیسے رات دن مانگ رہا ہے ؟

(v) حیات مختصر کا کیا مطلب ہے ؟

3- درج ذیل ( درسی ) اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیئے- **(1x5=5)**

ہمارے ایک بے تکلف دوست ہیں – وہ جہاں کہیں ہم سے ملتے ہیں مصافہ کرنے کی بجائے بار بار بغلگیر ہو کر بے تکلفی کا اظہار کرتے ہیں ایک بار انار کلی میں ملاقات ہوئ – بازار کے بیچوں بیچ انہوں نے یہ عمل جو دہرانا شروع کیا تو راہگیر دانتوں میں انگلیاں داب کر رہ گئے – ہر دو منٹ کے بعد بغلگیر ہو کر کہتے بھئ خوب ملے ! یار حد ہو گئ – وہ اس انداز میں مجھے اپنے بازوؤں کے شکنجے میں کس رہے تھے ، گویا برسوں کے بعد ملے ہیں – حالانکہ اس ملاقات سے دو دن پہلے مال روڑ پر ملے تھے اور وہاں بھی انہوں نے اسی قسم کی گرم جوشی کا مظاہرہ کیا تھا -

(i) دوست کیسے تھے-

(a) خاموش

(b) اداس

(c) بےتکلف

(d) تکلف والے

(ii) دوست مصافہ کرنے کے بجائےکیا کرتے ؟

(a) ہاتھ ملاتے

(b) ملتے

(c) گرتے

(d) بغلگیر ہوتے

(iii) دوست سے ملاقات --------- میں ہوئ -

(iv) ہر دو منٹ کے بعد وہ کیا کہتے ؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

4- ذیل کے اشعار کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیئے – (1x5=5)

کوئ امید بر نہیں آتی — کوئ صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن معین ہے — نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حال دل پر ہنسی — اب کسی بات پر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات چپ ہوں — ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

ہم سے بھی اس بساط پہ کم ہوں گے بد قمار — جو چال ہم چلے نہایت بری چلے

بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے — پر کیا کرے جو کام نہ بے دل لگی چلے

(i)پہلے دو اشعار کس شاعر کے ہیں ؟

(a) مومؔن

(b) میرؔ

(c) زوؔق

(d) غالؔب

(ii) یہ اشعار شاعری کی کس صنف کے ہیں ؟

(a) مثوی کے

(b) غزل کے

(c) نظم کے

(d) رباعی کے

(iii) اس شعری حصے کے پہلے شعر کو ------ کہیں گے ؟

(iv) "آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی " اس مصرعے میں آگے کے معنی----- ہے -

(v) شاعر کے خیال میں بہتر کام کون سا ہے ؟

# (حصّہ – ب )

5- درج زیل عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈھائ سو ( 250 )الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیۓ – (10x1=10)

(i) اسمارٹ فون کے نقصانات

(ii) بڑھتی بے روزگاری ایک مسئلہ

(iii) کتاب -ایک بہترین ساتھی

(iv) ہماری زندگی میں سائنس کی اہمیت

6 - اپنے دوست کو امتحانات کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوۓ ایک خط لکھیۓ – (5x1=5)

یا

اپنے پرنسپل کے نام دو روز کی تعطیل( چھٹی) کی درخواست لکھیۓ –

7- درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تفصیل سے لکھیۓ – (5x1=5)

(i) ڈاکٹر بھیم راؤامبیڈکر

(ii) انٹر نیٹ

8- درج زیل میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال لکھیۓ – (5x1=5)

(i) حمد

(ii) نیکی اور بدی

# ( حصّہ - ج )

9- درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیۓ - (0.5x4=2)

نفع قید بہادر ظاہر

10- درج ذیل میں سے واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیۓ – (0.5x4=2)

آفت رباعیات ارواح باغ

11- درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیۓ – (1x4=4)

اپنے پاؤں پر کھڑے ہونا – باغ باغ ہونا – چھٹی کا دودھ یاد آنا – بغلیں جھانکنا

12- نیچے لکھے ہوۓ مزکر کے موئنث اور موئنث کے مزکر لکھیۓ – (0.5x4=2)

شہزادی معشوق مکرمہ والد

13- زمانے کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟ فعل مستقبل کی تعریف لکھیۓ - (2x1=2)

14- فعل معروف کی تعریف لکھیۓ اور اسکی دو مثالیں بھی دیجیۓ – (2x1=2)

15- "بد" لگا کر ایک سابقہ اور" کار" لگا کر ایک لاحقہ لفظ بنائیے (0.5x4=2)

16- درج زیل میں سے کسی دو کے مترادف الفاظ لکھیئے ـ (1x2=2)

آہ رتبہ قیاس ساخت

17- فجائیہ- ندائیہ کسے کہتے ہیں ؟ دو جملوں میں سمجھائیے - (2x1=2)

## ( حصّہ - د )

18- درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصرجواب لکھیئے ـ (1x2=2)

(i) اردو کہاں پیدا ہوئ اور یہ کس زبان سے نکلی ہے؟

(ii) بریل ایجاد کرنے والے کا کیا نام تھا ؟

(iii) ای ٹکٹ کسے کہتے ہیں؟

(iv) پانی حاصل کرنے کے قدرتی زریعے کون سے ہیں ؟

19- درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیئے ـ (2x3=6)

(i) انٹر نیٹ سے طلباء کو کیا فائدے ہیں ؟

(ii) پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط پڑھنے کے بعد کیا کہا ؟

(iii) ہندوستان کی کیا خصوصیات ہیں ؟

(iv) زمین کی بناوٹ سے زمین کی عمر کا اندازہ کس طرح لگایا جا سکتا ہے ؟

20- درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے مختصر جواب لکھیئے ـ (1x3=3)

(i) نظم " قدم بڑھاؤ دوستوں !" کے زریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے ؟

(ii) شعر مکمل کیجیئے :

ہوعمر خضر بھی تو کہیں گے بہ وقت مرگ

--------------------------------------------------------------

(iii) رباعیات کے شاعر کا نام لکھیئے ـ

(iv) شعر مکمل کیجیئے ـ اور شاعر کا نام بھی لکھیئے -

کہو وطن کی خاک ہی کو گلستا ں بنائیں گے

--------------------------------------------------------------

(v) مرزا غالب کی کونسی غزل آپ کی کتاب میں ہے ، اس کا کیا نام ہے؟

21- درج زیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیئے ـ (2x2=4)

(i) کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(ii) "دنیا بھی عجیب سرائے فانی دیکھی " اس مصرعے کی روشنی میں لکھیئے کہ شاعر نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے ؟ شاعر کا نام بھی لکھیئے ؟

(iii) ؎ مٹی سے بیل بوٹے ، کیا خوش نما اگائے

پہنا کے سبز خلعت ان کو جوا ں بنایا

شاعر نے بیل بوٹوں کو مٹی سے اگایا ہوا کیوں کہا ہے ؟ اس شعر کی روشنی میں لکھیئے ، اور شاعر کا نام بھی لکھیئے

(iv) ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے

انسانی زندگی کی حقیقت شاعر کے خیال میں کیا ہے ؟ اس شعر کی روشنی میں لکھیئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔

(v) نظم " اے شریف انسانو" میں شاعر نے جنگ کے کیا نقصانات بیا ن کیے ہیں؟ شاعر کا نام بھی لکھیئے ۔